## عوام جنت گل کا کڑ کی جلد صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔3فروری2009ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم بلوچستان صوبائی کمیٹی کے رکن جنت گل کا کڑ کی ٹریفک حادثہ میں شدید زخمی ہونے پرتشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں،بہنوں،بزرگوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ جنت گل کا کڑ کی جلد صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔

## ڈیفنس کلفٹن میں جرائم کی وارداتوں کے خلاف سینکڑوں خواتین کا احتجاجی مظاہرہ

## احتجاجی مظاہرے میں حق پرست ارکان اسمبلی کے علاوہ مختلف سیاسی وسماجی تنظیموں کی نمائندگان خواتین کی شرکت

## خواتین نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈ اٹھارکھے تھے،خواتین کی جانب سے مجرموں کوسزادینے کا مطالبہ

کراچی۔۔۔3رفروری2009ء۔۔۔ڈیفنس کلفٹن کی مختلف این جی اوز سے تعلق رکھنے والی سینکڑوں خواتین نے منگل کے روز کراچی پریس کلب کے سامنے محکمہ تعلیم کے ایک سابق اعلیٰ افسر کے بیٹے کی علاقے میں جرائم پیشہ وارداتوں خصوصاً کئی خواتین کی عزتوں کے پامال کرنے کے خلاف ایک احتجاجی مظاہرہ کیا۔اس سے قبل یہ خواتین ڈیفنس کلفٹن ریزیڈنٹس کمیٹی کے دفتر واقع کلفٹن دوتلوار سے ایک بڑی کار ریلی کی شکل میں پریس کلب آئیں،مظاہرے کے دوران ان خواتین نے اپنے ہاتھوں میں بڑے بڑے بینرز اور پلے کارڈ اٹھار کھے تھے جن پر مختلف نعرے اور دیگر مطالبات درج تھے جن پرتحریر تھا کہ علی حاجانی کوسنگسار کرو،علی محمد حاجانی کو پھانسی کی سزادی جائے اوراس کے دیگر جرائم پیشہ ساتھیوں کوگرفتار کرکے قرار واقعی سزادی جائے،یہ مظاہرہ تقریباً ڈیڑھ گھنٹے تک جاری رہااوراس موقع پرخواتین مظاہرین نے اپنے مطالبات کے حق میں فلک شگاف نعرے بھی لگائے۔مظاہرے میں خواتین ارکان قومی اسمبلی محترمہ خوش بخت شجاعت اورفوزیہ اعجاز اورممتاز ڈرامہ نگاراورسابق مشیر سندھ محترمہ فاطمہ ثریا بجیا بھی موجود تھیں۔بعدازاں سندھ اسمبلی کی ڈپٹی اسپیکرمحترمہ شہلا ارضااور رکن سندھ اسمبلی محترمہ فرحین مغل بھی اس مظاہرے میں شامل ہوگئیں،مظاہرین نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ڈیفنس اورکلفٹن کے علاقے میں گزشتہ ایک سال سے ایک مخصوص گروہ علاقے میں وارداتیں کررہاتھااورخاص طور پرخواتین کی عزتوں کو پامال کررہاتھا۔جس کو بڑی کوششوں کے بعدگرفتار کیا گیا۔اس کے خلاف ابھی تک لوگ 30ایف آئی آر(مقدمات)درج کرواچکے ہیں لیکن ابھی تک اس مجرم کوسزادلوانے کیلئے کوئی اقدام نہیں اٹھایاجارہا ہے بلکہ اس درندے کو بچانے کیلئے قانونی پیچیدگیاں پیدا کی جارہی ہیں اورخاص طور پراس درندے کا باپ پولیس کے خلاف پٹیشن داخل کرواکرمشکلات پیدا کررہاہے جس کی وجہ سے علاقے کے لوگ بے حد پریشان ہیں اورلوگوں میں سخت غم وغصہ پایاجاتاہے اورلوگوں کا مطالبہ ہے کہ اس درندے کوفوری طور پرسخت سے سخت سزادی جائے تاکہ آئندہ کیلئے ایسے لوگوں کوعبرت مل سکے۔

## الطاف حسین کی سیاسی بصیرت کی بناءتمام قومیتوں کے لوگ ایم کیوایم میں جوق درجوق شامل ہورہے ہیں،مظہرحسین

## ایم کیوایم لیبرڈویژن،انکم ٹیکس یونٹ کے زیراہتمام منعقدہ نیاز حلیم سے خطاب

کراچی۔۔۔3رفروری2009ء۔۔۔قائدتحریک جناب الطاف حسین کی سیاسی بصیرت ہے کہ آج تمام قومیت کے لوگ ایم کیوایم کے جھنڈے تلے یکجا ہورہے ہیں اور پاکستان کی سلامتی کیلئے متحدہ کے قافلے میں جوق درجوق شامل ہورہے ہیں یہ بات متحدہ قومی موومنٹ لیبرڈویژن کے جوائنٹ انچارج مظہرحسین نے گذشتہ دنوں ایم کیوایم لیبرڈویژن انکم ٹیکس یونٹ کے زیراہتمام ہونے والی نیاز حلیم سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پرمتحدہ قومی موومنٹ لیبرڈویژن کے مرکزی کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔جبکہ متحدہ قومی موومنٹ انکم ٹیکس یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان اورانکم ٹیکس کے ایمپلائزنے بھی بڑی تعدامیں شرکت کی۔مظہرحسین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملازمین کے حقوق کیلئے ہرسطح پرآواز بلند کریگی اورمظلوم ایمپلائز کی ہرضرورت کوحل کرنے کیلئے اپنی جانب سے بھرپور کوشش کریگی۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے واضح ہدایت کی ہے کہ ایمپلائز کی کسی بھی قسم کی درپیش مشکلات کوحل کرنے کیلئے اپنے بھرپور صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے مسائل کا ہرممکن حل نکالنے کی کوشش کی جائے۔تقریب کے مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل RTU(ریجنل ٹیکس پیئر یونٹ)اسرار وف تھے جنہوں نے ملازمین کی جانب سے نشاندہی کردہ مسائل کوفوری حل کرانے کا یقین دلایااوران کیلئے میڈیکل کی سہولتوں کا اعلان بھی کیا۔انہوں نے متحدہ لیبرڈویژن انکم ٹیکس یونٹ کی جانب سے منعقدہ دعوت حلیم کوسراہااور کہا کہ اس طرح کی تقریبات کرنے سے لوگوں میں بھائی چارگی کی فضا پیدا ہوتی ہے۔

## حق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ذرین مجید کی بھابھی محترمہ قدسیہ خانم کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

## مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے سندھ اسمبلی میں دعائے مغفرت کی گئی، نماز جنازہ بدھ کو بعد نماز ظہر ادا کی جائے

کراچی ۔۔۔3، فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ذرین مجید کی بھابھی محترمہ قدسیہ خانم رضائے الہٰی سے انتقال کر گئیں ۔مرحومہ قدسیہ خانم کے ایصال ثواب کیلئے سندھ اسمبلی میں دعائے مغفرت کی گئی مرحومہ کی نماز جنازہ مورخہ 4 فروری بدھ کو بعد نماز ظہر مکان نمبر R-42 ڈیسنیٹ ٹاؤن گلستان جوہر میں ادا کی جائے گی ۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین حق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ذرین مجید کی بھابھی محترمہ قدسیہ خانم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔

## ایم کیو ایم اوورسیز فارن افیئر ز ڈویژن کے رکن محمد یونس کے بہنوئی محمد صدیق مرحوم کا سوئم آج ہوگا

کراچی ۔۔۔3 فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے بہنوئی اور ایم کیو ایم اوورسیز فارن افیئر ز ڈویژن کے رکن محمد یونس کے بہنوئی محمد صدیق مرحوم کا سوئم کل بروز بدھ میمن مسجد بولٹن مارکیٹ صبح نو بجے ہوگا ۔جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی جبکہ خواتین کیلئے **قرآن خوانی کا انتظام مرحوم کی رہائش گاہ پر کیا جائے گا۔**

☆☆☆☆☆